قریب وبعید سے اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اور دیگر ندائیہ صیغوں کے ساتھ درود و سلام پر 150 سے زائد معتبر کتب کے حوالہ جات سے آراستہ

نِداءُ الاَخیار

بالصلوٰۃ والسلام

عَلَی النبیِّ المُختار ﷺ

یعنی

ندائیہ صیغوں کے ساتھ درود وسلام اُمت کا معمول ہے

تالیف: مناظر اسلام حضرت العلامہ

مفتی محمد حنیف قریشی

مدرس: جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی

ناشر:

شباب اسلامی پاکستان

قریب وبعید سے اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ اور دیگر ندائیہ صیغوں کے ساتھ درود و سلام پر 150 سے زائد معتبر کتب کے حوالہ جات سے آراستہ

نِداءُ الاَخیار
بالصلوۃ والسلام
عَلَی النَّبیِ المُختار ﷺ

یعنی

ندائیہ صیغوں کے ساتھ درود و سلام اُمت کا معمول ہے

تالیف: مناظرِ اسلام حضرت العلامہ
مفتی محمد حنیف قریشی
مدرس: جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی

ناشر:
شباب اسلامی پاکستان

اشاعتی ضابطہ

نام رسالہ : نداء الاخیار بالصلوٰۃ والسلام علی النبی المختار

مؤلف : علامہ مفتی محمد حنیف قریشی مدظلہ العالی

نظرثانی : ڈاکٹر عبدالناصر لطیف مدظلہ العالی

کمپوزنگ : ضیاء العلوم کمپوزنگ سنٹر سٹیلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی

کمپیوٹر گرافکس : قاضی محمد یعقوب چشتی

بحسن اہتمام : شبیر احمد گولڑوی (چیف ایگزیکٹو کاروان الشمیر حج وعمرہ سروسز)

سن اشاعت : دسمبر 2008ء تعداد: بار اول 2000

قیمت : =/50 روپے

ناشر : شباب اسلامی پاکستان

ملنے کے پتے

جامعہ رضویہ ضیاء العلوم سٹیلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی

مکتبہ فیضان سنت کری روڈ آمنہ مسجد ڈھوک علی اکبر راولپنڈی 0334-5184233

دارالعلوم مہریہ ضیاء العلوم حسن ٹاؤن کاکول روڈ ایبٹ آباد 0334-5352928

اسلامک بک کارپوریشن اقبال روڈ راولپنڈی Ph:051-5536111

حوالہ46: فیصلہ ھفت مسئلہ (صفحہ 8)

مصنف: سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

(مرشد گرامی مولانا قاسم نانوتوی بانی دار العلوم دیوبند، مولانا رشید احمد گنگوہی دیوبندی، مولانا اشرف علی تھانوی دیوبندی)

عبارت: ملائکہ کا درود شریف حضور اقدس میں پہنچانا احادیث سے ثابت ہے اس اعتقاد سے کوئی شخص اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ پڑھے تو کچھ مضائقہ نہیں ہے۔

حوالہ47: شمائم امدادیہ (صفحہ 52)

مرتّبہ: مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی صاحب

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کا ملفوظ نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ فرمایا۔

"اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ" کے جواز میں شک نہیں۔

حوالہ48: رسالہ المبشرات ملحقہ ببلغۃ الحیران (صفحہ 8)

مصنف: حسین علی واں بچھراں، اُستاد مولوی غلام اللہ خان آف راولپنڈی

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں پڑھ رہا ہوں۔

"اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ"

نوٹ:

اسی المبشرات صفحہ ۸ پر مولوی حسین علی صاحب نے لکھا کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ پل صراط سے نیچے گر رہے ہیں تو میں نے ان کو گرنے سے بچا لیا۔ یاد رہے کہ بالاتفاق پل صراط جہنم کے اوپر ہے، غور کریں کیا یہ گستاخی نہیں ہے؟

حوالہ49: براھین قاطعہ (صفحہ 222)

مصنف: مولوی خلیل احمد سہارنپوری دیوبندی (تبلیغی جماعت کے امیر مولوی زکریا صاحب کے پیرو مرشد)

عبارت: اگر محبت وشوق سے پڑھے۔

"اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ" تو جائز ہے۔

حوالہ50: ضیاء القلوب (صفحہ 61)

مصنف: حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ (مرشد گرامی علمائے دیوبند)

حضور اکرم ﷺ کی زیارت حاصل کرنے کا طریقہ لکھتے ہیں۔

عشاء کی نماز کے بعد نئے کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر ادب سے مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور خدا کی درگاہ میں جمالِ مصطفیٰ ﷺ کی زیارت حاصل ہونے کی دعا کرے اور دل کو تمام خیالات سے خالی کر کے آنحضرت ﷺ کی صورت کا سفید شفاف کپڑے اور سبز پگڑی اور منور چہرے کیساتھ تصور کرے اور

"اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ" دائیں طرف ۝

"اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَ اللّٰہ" بائیں طرف ۝

اور "اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ" کی ضرب دِل پر لگائے اور جس قدر ہو سکے متواتر درود شریف پڑھے اور طاق عدد میں اللھم صل علی محمد...... پڑھے اور 21 بار سورۂ نصر پڑھ کر آپ کے جمال مبارک کا تصور کرے اور درود شریف پڑھتے وقت سر قلب کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف داہنی کروٹ کی طرف سوئے اور "اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ" پڑھ کر داہنی ہتھیلی پر دم کرے اور سر کے نیچے رکھ کر سوئے .... تو ان شاء اللہ العزیز سرکار مدینہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

فائدہ: عمامہ یا پگڑی رسول اللہ ﷺ کی مبارک سنت ہے اور کسی بھی رنگ